© rasailojaraid.com

تنقید و تبصرہ

# اساسِ تہذیب

شائع کردہ انسٹی ٹیوٹ آف انڈو مڈل ایسٹ کلچرل اسٹڈیز حیدرآباد دکن۔ ضخامت ۱۹۶ صفحات۔ کاغذ عمدہ۔ طباعت دیدہ زیب۔ قیمت چار روپے آٹھ آنے۔

ڈاکٹر سید عبداللطیف نے یہ کتاب بہت محنت سے لکھی ہے۔ وہ کسی چیز کو ایڈیٹ کرنے کی بڑی اچھی صلاحیت رکھتے ہیں جس کی جھلک اس تالیف میں بھی موجود ہے۔ کتاب کے حصہ اول یعنی ایمان باللہ کے بنیادی مضمرات کو چار بڑے بڑے حصّوں میں منقسم کیا ہے۔ توحید، عمل صالح، وحدت انسانی اور مذہبی رواداری۔ حصہ دوم میں اسی انداز سے رزقاً للعباد کی تشریح کے تحت بہت مفید عنوانات ہیں۔ حصۂ سوم میں قرآن کا اقتصادی نظام پیش کیا ہے اور حصۂ چہارم میں معاشرہ۔

کتاب کا انداز یہ ہے کہ ہر عنوان کے تحت پہلے اسی عنوان سے متعلق ایک یا زیادہ آیات قرآنی مع ترجمہ لکھی ہیں۔ اس کے بعد اسی سے متعلق ایک یا چند ایسی احادیث مع ترجمہ نقل کی ہیں جن سے آیات قرآنی کا تطابق ہو اور آیات کے مختلف پہلوؤں کو واضح کرتی ہوں۔ ہر صفحے پر ایک طرف اصل عبارت ہے اور اس کے مقابل سلیس ترجمہ آیات و احادیث کا انتخاب فاضل مؤلف کے حسن ذوق ہی کا نمونہ نہیں بلکہ یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ جدید اقدار کا بڑا لحاظ رکھا گیا ہے۔ موجودہ دور کے مصنفین کے لیے یہ خاصا مفید مجموعہ ہے یعنی ہر عنوان سے متعلق ضروری آیات و احادیث مع حوالہ مل جائیں گی۔

ہمارا خیال ہے کہ یہ تالیف پسندیدہ نظروں سے ملک میں دیکھی جائے گی اور اس کا پہلا ایڈیشن جلد ہی نکل جائے گا۔ اس کے بعد دوسرے ایڈیشن کے لیے ہماری کچھ معروضات ہیں جن کا اسی وقت پیش کر دینا مناسب معلوم ہوتا ہے

بعض عنوان کے تحت صرف آیات ہیں۔ احادیث نہیں جیسے "ذرائع جو زمین میں فراہم کئے گئے ہیں" کا عنوان۔

بعض جگہ صرف احادیث ہیں اور آیات نہیں مثلاً "عقل سلیم" ص۵۳ کے تحت صرف احادیث ہیں آیات نہیں۔

بہت جگہ (مثلاً اسی ص۵۳ کی پہلی سطر میں جو حدیث ہے) حدیث کے آخری راویوں کے نام نہیں۔

بعض جگہ زیادہ موزوں آیات یا احادیث درج ہونا انسب تھا۔

بعض جگہ مزید آیات یا احادیث کی بھی ضرورت تھی۔

ہمیں بڑی خوشی اس بات کی ہے کہ جس جگہ اسلام کو اور مسلمانوں کے کلچر کو ہر طرف سے مٹایا جا رہا ہے وہاں کچھ خدا کے ایسے بندے بھی موجود ہیں جو حکیمانہ انداز سے اس کی بقا کے لیے اپنی صلاحیتوں کو کام میں لا رہے ہیں۔ (م ج)

© rasailojaraid.com